سوال

(58) تشہد میں انگلی کب اٹھانی چاہیے اور کب تک اٹھانی چاہیے۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تشہد میں انگلی کب اٹھانی چاہیے اور کب تک اٹھانی چاہیے اور کس موقع پر متحرک کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس وقت تشہد میں بیٹھے تو بیٹھتے ہی معاً انگلی کو جس کو سبابہ کہتے ہیں۔ اٹھا لینا چاہیے اور تا وقتیکہ سلام نہ پھیرے۔ اٹھائے رکھے اور جس وقت تشہد پڑھتا ہو لا الہ الا اللہ پر پہنچے تب انگلی کو متحرک کرے۔ واللہ اعلم

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 3 ص 183

محدث فتویٰ